813 ـ عقد نکاح کی شروط

سوال

جب عقد نکاح امام مسجد یا کسی اوردینی شخصیت یا نکاح رجسٹرار کی موجودگی کے بغیر ہوا ہو تو ایسی شادی کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

جب عورت کا ولی مثلا یہ کہے کہ میں نے اپنی بیٹی کی شادی تیرے ساتھ کردی اورخاوند کی جانب سے قبول یا پھر رضامندی کا اظہار ہوا ہو اوراس میں دو گواہ بھی موجود ہوں ، اورعورت بھی نکاح کے لیے حلال ہو (یعنی کوئي ایسا مانع نہ پایا جائے جس کی وجہ سے نکاح حرام ہو) تو ایسا نکاح شرعی طورپر صحیح ہے ۔

چاہے یہ نکاح شرعی عدالت میں نہ بھی ہوا ہو اورنہ ہی اس نکاح میں قاضی یا امام مسجد یا نکاح رجسٹرار شریک ہوا ہو تویہ نکاح صحیح ہوگا ۔

واللہ اعلم.